[redacted]

اس مطالعہ میں ہم تسلسل کے ساتھ یونانی لفظ" diakonos خادم" (واحد) اور" diakonoi" خدام/خادمین" (جمع) کا ترجمہ انگریزی الفاظ" Deacon خادم" اور" Deacons خدام/خادمین" سے کریں گے۔ Deacons خادمین کون ہیں؟

نئے عہدنامہ میں صرف تین کلیسیاؤں کے بارے پتا چلتے ہیں جو سیاق وسباق میں Descons خادمین رکھتی تھیں وہ ایلڈر/صاحبان کے معاون ہوتے ہیں۔ تاہم، ان کا چناؤ یا تقرری انتظامی جماعت کی راہنمائی کے لئے نہیں کی جاتی تھی بلکہ صرف کلیسیا کے اندر چند خصوصی کاموں میں مدد کے لئے کی جاتی تھی

1- <u>ڈیکن (خادمین) کی حدود۔</u>

a- خادمین اپنی تقرری کے لحاظ سے محدود ہوتے تھے۔

<u>بائبل کی تعلیم</u>۔ نیا عہدنامہ ڈیکنز کے حوالہ سے کئی حدود کی تعلیم دیتا ہے۔ بائبل کی تعلیم ہے کہ کلیسیا کو ایلڈر/صاحبان کا تقرر کرنا چاہئے نہیں بلکہ ساتھ ہی کہ اس کو ڈیکنز مقرر کرنے چاہئیں۔

<u>بائبل پر مبنی تاریخ</u>۔ یروشلیم کی کلیسیا کے علاوہ (اعمال 6:1-7)۔ بائبل میں صرف دو اور کلیسیاؤں کا ذکر ہے جو ڈیکنز رکھتی تھیں یعنی فلپی کلیسیا (فلپیوں 1:1) اور افسس کی کلیسیا (1-تمطھیس 3:8)۔ چنانچہ، نئے عہدنامہ کے مطابق ہر کلیسیا کو ڈیکنز رکھنے کی ضرورت نہیں۔ یروشلیم کی کلیسیا میں جو خادم کسی خصوصی کام اور محدود وقت کے لئے مقرر کئے گئے تھے مثال کے طور پر فلپوس تھوڑے عرصہ کے لئے جو خادم مقرر ہوا تھا (اعمال 5-4:8;6:5)۔

b- ڈیکنز قیادت کے لحاظ سے محدود تھے۔

ڈیکنز ایلڈر/صاحبان کی جگہ نہیں لے سکتے ڈیکنز کے کام ایلڈر/صاحبا کے کاموں سے مختلف ہوتے ہیں ڈیکنز کا عہدہ پوری جماعت پر قیادتی عہدہ نہیں ہوتا۔ بورڈ آف ڈیکنز ایلڈر/صاحبان کی جگہ (یونانی: presbuterion-1 تمطھیس 4:14) بطور جماعت کی قیادت نہیں لے سکتا۔ بورڈ آف ڈیکنز بالکل نہ رکھنا بہت اچھا ہے ڈیکنز کو ایلڈر/صاحبان کی نگرانی میں کام کرنا چاہئے ڈیکنز کا کام مشنری یا جماعت کے امور کو چلانا نہیں

ایلڈر/صاحبان جب بھی ڈیکنز کے سپرد کوئی کام کریں تو ان کو چند خدمات یا سرگرمیوں کی قیادت سونپ سکتے ہیں۔ پھر بھی ایلڈر/صاحبان جماعت کے دیگر کاموں اور سرگرمیوں کے ذمہ داری راہنما ہوتے ہیں۔

c- ڈیکن اپنے کاموں کے لحاظ سے محدود ہوتے ہیں۔

ڈیکنز کے کام کلیسیا کے عام ارکان کے کاموں سے بھی مختلف ہوتے ہیں۔ لفظ ڈیکن کا مطلب ہے خادم۔ اعمال 6:1-7 کے مطابق خادموں کو جماعت میں کسی نہایت اہم خدمت کے لئے چنا جاتا تھا۔ تاہم، 1-پطرس 4:10-11 کے مطابق جماعت میں تمام ارکان کو اپنی قابلیتوں اور روحانی نعمتوں کو استعمال میں لاتے ہوئے ایک متحرک خدمت رکھنی چاہئے۔ اسلئے بورڈ آف ڈیکنز اپنی خدمات کا تبادلہ دوسرے ارکان کے ساتھ نہیں کر سکتے۔

2- <u>ڈیکنز کی اہلیت کے بمطابق بائبل۔</u>

پڑھیں اعمال 6:1-2؛ 1-تیمتھیس 3:8-13؛ 1-پطرس 4:10-11؛ 1-یوحنا 2:3:16-18- کرنتھیوں ا باب 8-9۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ ڈیکنز کے نجیب کام کون کون سے ہیں؟

نوٹس۔ خادم کلیسیا کو معاشرے میں اس کے عہدے، طاقت اور دولت کی وجہ سے نہیں ہو سکتا بلکہ ان کلیسیاؤں کے حسن سلوک، خاندانی زندگی اور خدمت کی قابلیتوں پر ہونا چاہئے۔

3- <u>ڈیکنز (خادموں کے کام۔</u>

پڑھیں اعمال 6:1-2؛ 1-تیمتھیس 3:8-13؛ 1-پطرس 4:10-11؛ 1-یوحنا 2:3:16-18- کرنتھیوں ا باب 8-9۔

دریافت اور تبادلہ خیال کریں۔ ڈیکنز کے نجیب کام کون کون سے ہیں؟

نوٹس۔

a- ڈیکنز کے کام ایلڈر رصاحبان کے کاموں سے مختلف ہوتے ہیں۔

ڈیکنز ایلڈر رصاحبان کی جگہ نہیں لے سکتے۔ بورڈ آف ڈیکنز یا ڈی آف ایلڈرز کی جگہ نہیں لے سکتا۔ ڈیکنز کا کام خدمت کرنا ہے۔ جماعت کے امور کو چلانا نہیں

b- ڈیکنز کے کام کلیسیا کے عام ارکان کے کاموں سے بھی مختلف ہوتے ہیں۔

ڈیکنز عام مسیحیوں کی جگہ نہیں لے سکتے اور نہ سارے کام کر سکتے ہیں جو کلیسیا میں کرنے کی ضرورت ہے۔

c- ڈیکنز کا خصوصی کام کلام کی منادی کے نتیجہ میں بننے والے تعلقات اور کلیسیا کی ترقی کی دیکھ بھال کرنا ہے۔

پڑھیں اعمال 6:1-7۔

نوٹس۔ یروشلیم میں پہلی تاریخی کلیسیا میں ڈیکنز کو چننے کی ایک خاص وجہ تھی۔ جب شاگردوں کی تعداد 5,000 ہو گئی تو ایک خصوصی مسئلہ اٹھ کھڑا ہوا۔ بعض لوگ روزانہ کھانے کی تقسیم میں نظر انداز ہو رہے تھے۔ رسولوں نے اس کلیسیا کے لوگوں کے ساتھ مل کر جماعت میں سے چند لوگوں کو چنا تاکہ اس خصوصی خدمت کی دیکھ بھال کریں۔ ڈیکنز اس لئے چنے گئے تھے کیونکہ ایلڈر رصاحبان کے پاس اپنے کاموں کو انجام دینے کے علاوہ حاجت مندوں کا دھیان رکھنے کے لئے تو وقت بچتا تھا اور نہ قوت۔

چنانچہ، ڈیکنز کو انہیں خدمات تک محدود رہنا چاہئے جس کے لئے ان کی نظر کی ضرورت ہو یا جو ایمانداروں کی جماعت سے رہ جاتے ہوں۔ پس، ڈیکنز اکثر ان کاموں کے راہنما ہوتے ہیں جو ایلڈر رصاحبان کی طرف سے ان کے سپرد کئے جاتے ہیں۔ ڈیکنز کلیسیا میں گروپس کے راہنما یا استاد ہو سکتے ہیں مثلاً، یوتھ گروپ، بیمار تی خدمت اور رحم کے منصوبہ جات کے معاون، مالی امور کے ذمہ دار وغیرہ۔ ایلڈر رصاحبان قیادت امور چلانے میں راہنما ہوتے ہیں اور ڈیکنز خدماتی امور چلانے میں راہنما ہوتے ہیں۔

d- **ڈیکنز کا روایتی کام یکلیسیا کے حاجت مند لوگوں کی دیکھ بھال کرنا۔**

پراھیں اعمال 2-1:6:1- کرنتھیوں 3-16:2: یعقوب 17-2:15;1:1:27- یوحنا 18-3:16۔

نوٹس۔ نئے عہدنامہ میں ڈیکنز کا چناؤ اس لئے کیا جاتا تھا کیونکہ ایلڈر صاحبان کے پاس اپنی ذمہ داریوں کو سرانجام دینے کے علاوہ حاجت مندوں کی دیکھ بھال کے لئے وقت بچتا تھا اور نہ قوت۔ ڈیکنز کا ایک خاص کام ہے لوگوں کے بھیجے نذرانے جمع کرنا اور پھر ایمانداری کے ساتھ اپنی یکلیسیا کے حاجت مندوں میں تقسیم کرنا۔ 2- کرنتھیوں ابواب 8اور9 (8:4;209:1,12,13) کے مطابق ان تحائف کے بھی مہتمم ہوتے تھے جو دوسری خوشحال یکلیسیاؤں کی مدد کے لئے بھیجے ہوتے تھے۔

خلاصہ۔ اگر ڈیکنز کو چنا جاتا ہے تو ان کو یکلیسیا کی راہنمائی کے لئے نہیں بلکہ صرف یکلیسیا میں خصوصی کاموں کی لئے چنا جاتا ہے۔ وہ یکلیسیا کے دوسرے ارکان کے کام نہیں لے سکتے بلکہ صرف ان کاموں میں خدمت کر سکتے ہیں جس میں خاص نظر کی ضرورت ہو یا جماعت کے ارکان نے نظر انداز کر دیئے ہوں۔ بائبل ان کی اہلیت اور کاموں کا تعین کرتی ہے۔ یہ تب تک خدمت کرتے ہیں جب تک ان کا خصوصی کام مکمل نہ ہو جائے۔
